# 26-03-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

ا۔بی ار ایس لیڈر ورکن کونسل کے کویتا کو دہلی کورٹ کی جانب سے دہلی شراب پالیسی اسکام سے متعلق معاملے میں عدالتی تحویل میں 9۔اپریک تک توسیع کردی گئی ہے۔کویتا کو تہاڑ جیل منتقل کیا گیا ہے۔

۲۔مرکزی وزیر وصدر تلنگانہ بی جے پی کشن ریڈی نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ نریندر مودی ہی تیسری مرتبہ ملک کے وزیر اعظم بنیں گے اور بھاری اکثریت سے حکومت سے تشکیل دیں گے۔

۳۔پردیش کانگریس کمیٹی کے سینئر نائب صدر نرنجن نے ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری اور ریاستی ڈی جی پی سے درخواست کی ہے کہ وہ فون ٹیاپنگ معاملے کی تحقیقات کریں اور اس سے متعلق ایکشن لیا جائے۔

۴۔الیکشن کمیشن آف انڈیا کی جانب سے تمام انتخابی سرگرمیوں پر سی ویجیل ایپ کے ذریعہ قریبی نظر رکھی جارہی ہے۔

KAVITHA

دہلی شراب پالیسی معاملہ میں دہلی کے راس ایونیو کورٹ نے بی آر ایس کی رکن کونسل کویتا کو 9 اپریل تک عدالتی تحویل میں دیتے ہوئے انھیں تہاڑ جیل منتقل کرنے کی ہدایت دی ہے آج ان کی تحویل کے اختتام پر ان کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ای ڈی کے وکیل نے بذریعہ آن لائن اپنے دلائل پیش کئے اور بی آر ایس لیڈر کی عدالتی تحویل میں مزید 15 دن توسیع کی عدالت سے خواہش کی۔انہوں نے کہا کہ اس معاملہ کی جانچ جاری ہے۔بعض ملزمین سے ہنوز پوچھ کچھ نہیں کی گئی ہے۔اس مرحلہ پر کویتا کے وکیل نے عدالت سے کہا کہ کویتا کے فرزند کے امتحانات کا شیڈول جاری ہو چکا ہے۔انہوں نے عدالت سے خواہش کی کہ کویتا کی عبوری ضمانت منظور کی جائے۔دونوں فریقین کے دلائل کی سماعت کے بعد عدالت نے کویتا کو 14 دنوں کے لئے عدالتی تحویل میں دینے کی ہدایت دی۔یہ عدالتی تحویل 9 اپریل تک جاری رہیگی۔عدالت کے حکم کے بعد کویتا کو دہلی کی تہاڑ جیل منتقل کردیا جارہا ہے۔اس سے قبل کویتا نے میڈیا سے بات کرت ہوئے کہا کہ ان پر جھوٹے مقدمہ دائر کیا گیا ہے۔جبکہ ای ڈی نے مبینہ طور پر الزام لگایا ہے کہ وہ ساؤتھ گروپ کی ایک اہم رکن رہی ہیں جو عاپ کے قائدین کو شراب لائسنس حاصل کرنے کے لئے سو کروڑ روپئے پہنچائے ہیں۔

KISHAN

مرکزی وزیر وصدر تلنگانہ بی جے پی کشن ریڈی نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ نریندر مودی ہی تیسری مرتبہ ملک کے وزیر اعظم بنیں گے اور بھاری اکثریت سے حکومت سے تشکیل دیں گے۔عنبر پیٹ حلقہ اسمبلی کے نلہ کنٹہ علاقے میں اپنے دورے کے دوران انہوں نے اعلان کیا کہ سکندر آباد پارلیمانی حلقے میں بہت جلد انتخابی تشہیری مہم شروع کی جائے گی۔ان کے دورے کے دوران حلقے عنبر پیٹ کے مختلف

بستیوں میں عوام نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔انہوں نے کہا کہ دو ہزار انیس میں تین سو دو سیٹوں کے حصول کے بعد آرٹیکل تین سو ستر کو منسوخ کیا گیا۔اوراس بار ہمیں تین سو ستر سے زائد نشستیں حاصل ہوں گی۔اور نریندر مودی تیسری مرتبہ وزیر اعظم بنیں گے۔

TPCC

پردیش کانگریس کمیٹی کے سینئر نائب صدر نرنجن نے ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری اور ریاستی ڈی جی پی سے درخواست کی ہے کہ وہ فون ٹیاپنگ معاملے کی تحقیقات کریں اوراس سے متعلق ایکشن لیا جائے۔ چیف سکریٹری اور ڈی جی پی کو لکھے گے مکتوب میں انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ سابقہ میں بی آر ایس حکومت کی جانب سے اسپیشل انٹلیجنس برانچ۔ایس آئی بی۔کا غیر ضروری استحصال کیا گیا۔ گاندھی بھون میں میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے نرنجن نے پولیس کی جانب سے حالیہ عرصے میں کئے گئے اقدامات کے تعلق سے تفصیلات پیش کیں۔انہوں نے انفورسمنٹ کی جانب سے سائبر کرائم جیسے فون ٹیاپنگ معاملے میں دخل اندازی کرنے پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کس طرح کانگریس قائد ریونت ریڈی کے وزیر اعلی بننے سے قبل ان کے گھر کے قریب مبینہ طور پر نگرانی کے آلات لگائے گئے تھے۔

CERTIFICATE

ڈرگ کنٹرول لیباریٹری جو اسٹیٹ ڈرگ کنٹرول اڈمنسٹریشن کے زیر نگرانی چلائی جاتی ہے کو نیشنل اکریڈیٹیشن بورڈ برائے ٹسٹنگ اینڈ کلیبریشن لیباریٹریز این اے بی ایل کی جانب سے سرٹیفکٹ آف اکریڈیٹیشن سے نوازا گیا ہے۔ یہ اکریڈیٹیشن 20 مارچ کو جاری کیا گیا ہے۔جس کی معیاد انیس مارچ دو ہزار چھبیس تک رہے گی۔این اے بی ایل۔کی جانب سے یہ بات بتائی۔واضح رہے کہ این اے بی ایل کی اسسمنٹ ٹیم نے اڈیٹ کے بعد یہ فیصلہ کیا۔

DA

تلنگانہ اسٹیٹ رڈوٹرانسپورٹ کارپوریشن۔ ٹی ایس آر ٹی سی نے اپنے ملازمین کے ڈیرنیس الاونس۔ڈی اے۔ میں 43.2 فیصد اضافے کو قطعیت دے دی ہے۔تجدید شدہ ڈی اے بیسک سیلری کے حساب سے ادا کیا جائے گا۔اس کے علاوہ ریاستی حکومت نے حال ہی میں ہاوز رینٹ الاونس۔ایچ آر اے۔کی بھی تجدید کی تھی۔ یہ بھی آر ٹی سی ملازمین کی نئی جاری کی جانے والی تنخواہ میں شامل کر دیا جائے گا۔

ERRABELLI

سابق وزیر ایربلی دیا کر راو نے ان پر لگائے گئے اراضی پر قبضے کے الزامات کو غلط قرار دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی مقاصد کے لئے اس طرح کے الزامات لگائے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان پر غیر ضروری طور پر بے بنیاد الزامات عائد کئے جارہے ہیں۔ واضح رہے کہ ایک تاجر شرن چودھری نے سابق وزیر،سابق ٹاسک فورس او ایس ڈی رادھا کشن راو اور حیدرآباد سی سی ایس۔اے سی پی۔اوما مہیشورراو پر اگست دو ہزار تئیس میں انہیں گرفتار کرنے اور انہیں تشدد کا نشانہ بنانے اور ان سے رقم کا مطالبہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔تلنگانہ بھون میں آج

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دیا کرراو نے کہا کہ وہ گذشتہ چالیس سالوں سے اپنے سیاسی سفر میں اپنی ایمانداری کے لئے جانے جاتے ہیں۔سابق وزیر نے کہا کہ خود شرن چودھری نے کئی این آر آئیز سے جھوٹے وعدے کرتے ہوئے پیسے حاصل کئے ہیں۔

EC C VIGIL APP

الیکشن کمیشن آف انڈیا کی جانب سے تمام انتخابی سرگرمیوں پر سی وجیل ایپ کے ذریعہ قریبی نظر رکھی جارہی ہے۔ یہ ایک واحد ایپ ہے جس کے ذریعہ ریکارڈنگ ۔ رپورٹنگ ۔ اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کو روکنے میں مدد ملے گی۔اس ایپ کے ذریعہ مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں سے متعلق شکایتیں فوٹوز اور ویڈیوز کے ذریعہ درج کی جاسکیں گی۔سی وجیل ایپ عوام کے لئے ضابطہ اخلاق کے ضمن میں بہترین ٹول ثابت ہوگا۔شہریوں کی جانب سے مثالی ضابطہ اخلاق اور انتخابات کے اخراجات سے متعلق کسی بھی غلطیوں کو اس ایپ کے ذریعہ درج کیا جاسکے گا۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ سی وجیل ایپ شہریوں کو بہترین موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ کسی بھی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے خلاف شکایت درج کریں۔اور اندرون سو منٹ کے اندر کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ اس ایپ کے استعمال کے ذریعہ شہری فوری طور پر کسی بھی غلط سیاسی عمل کو چند ہی منٹوں کے اندر عہدیداروں تک پہونچا سکتے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ شکایت درج کرانے کے فوری بعد شکایت کنندہ کو یونیک آئی ڈی فراہم کیا جائے گا۔جس کے ذریعہ وہ اپنے موبائل پر شکایت کی یکسوئی سے متعلق جانکاری حاصل کرسکے گا۔

EC-ADVISORY

الیکشن کمیشن نے تمام چیف الکٹورول آفیسرس کے لئے اڈوائزری جاری کی ہے۔تمام ریاستوں اور مرکز زیر انتظام علاقوں کو شدید موسم گرما اور دھوپ کی بڑھتی ہوئی تمازت کو دیکھتے ہوئے یہ اڈوائزری جاری کی گئی ہے۔جس میں کہا گیا ہے کہ محکمہ موسمیات کی طرف سے اس بات کا اشارہ دیا گیا ہے کہ آنے والے موسم گرما میں گرمی عام درجہ حررات سے زیادہ رہے گا۔خاص طور سے ماہ مارچ سے جون تک موسم سخت رہنے کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔کمیشن نے اس موقع پر نیشنل

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھاریٹی کی طرف سے موسم گرما میں احتیاطی اقدامات سے متعلق کیا کام کرنے ہیں اور کن کاموں سے منع کیا گیا ہے تفصیلات بتائی ہیں۔مشورہ دیا گیا ہے کہ ثقیل غذا سے پرہیز کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ پانی کا استعمال کیا جائے۔کمیشن نے چیف الکٹورول آفیسرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام پولنگ اسٹیشنس پر بنیادی سہولیات جس میں پینے کا پانی۔اور شیڈ کا انتظام کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔

WEATHER

ریاست تلنگانہ کے مختلف مقامات پر اس ماہ کی تیس تاریخ سے تین دنوں تک ہلکی سے درمیانی بارش اور بونداباندی کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے روزانہ جاری کی جانے والی رپورٹ میں یہ بات بتائی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ آئندہ چار دنوں کے دوران ریاست کے درجہ حررات میں دو تا تین ڈگری سلیس اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست میں

موسم خشک رہا۔

ISRO

انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن اسرو نے اظہار رائے کی دعوت دی ہے اور خلائی سائنس اور ٹکنالوجی سے آگاہی کی تربیت کی میزبانی میں دلچسپی رکھنے سے متعلق اعلان جاری کیا ہے۔ جس کے تحت ملک کے تعلیمی اداروں۔ یونیورسٹیز۔ اور کالجس میں ماہ اپریل اور مئی کے دوران خلائی ٹکنالوجی سے متعلق اسٹارٹ دو ہزار چوبیس پروگرام سائنس وٹکنالوجی کے طلبا کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

ALERT

سینئر پولیس عہدیدار وموجودہ آر ٹی سی کے ایم ڈی سجنار نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ڈرگس پارسل کے نام سے آنے والے فون کالس پر ردعمل ظاہر نہ کریں۔ اگر کوئی اس طرح کا فون کال کرتا ہے تو اس کی شکایت سائبر کرائم ہیلپ لائن 1930 پر کی جائے۔ انہوں نے ڈرگس پارسل کے نام سے سادہ لوح شہریوں کو ڈرا دھمکا کر ان سے رقم وصول کرنے کے واقعات کے پیش نظر یہ مشورہ دیا ہے۔ سجنار نے کہا کہ سائبر دھوکہ باز پولیس کے نام سے فون کر کے ڈرا دھمکا کر لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں آئی آئی ٹی حیدرآباد کے پی ایچ ڈی اسکالر کو فون کر کے 30 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے۔ سجنار نے شہریوں سے چوکس رہنے کی خواہش کی ہے۔